© rasailojaraid.com



عبدالقیوم حقانی

# تعارف و تبصرۂ کتب

**انوار الحدیث جلد دوم** تصنیف حضرت مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی مدظلہ ۔ صفحات ۲۳۲ قیمت ۵۰ اروپے
ناشر دار الارشاد مدنی روڈ اٹک شہر پاکستان ۔

الامام لاہوریؒ کے خلیفۂ اجل بقیۃ السلف حضرت مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی مدظلہ سے قارئین بخوبی متعارف ہیں ان کی وقیع تصنیفات اور گرانقدر افادات پر الحق میں تبصرہ بھی ہوتا رہتا ہے نومبر ۱۹۶۴ئ میں موصوف نے واہ کینٹ میں جس درس قرآن کا آغاز فرمایا تھا وہ کیسٹ سے منقول ہوکر چھپتا رہا جو مئی ۱۹۹۲ء کو ۲۸ سالوں میں مکمل ہوکر ۲۸ جلدوں میں چھپ کر منظر عام پر آگیا ہے ۔

درسِ قرآن کی طرح واہ میں ستمبر ۱۹۶۷ء کو درس حدیث کا سلسلہ بھی شروع ہوا جو گزشتہ ۲۸ برسوں سے تاہنوز جاری ہے جیسے درسِ قرآن کے مرتب جناب محمد عثمان غنی صاحب باقاعدہ کیسٹ سے نقل کرکے تحریری صورت میں مرتب فرمارہے ہیں پیش نظر انوار الحدیث کی دوسری جلد اس سلسلہ مقدس کا نقش ثانی ہے ۔ ہر درس کے آغاز میں حدیث کا متن ، اعراب اور حضرت مدظلہ کا لفظی ترجمہ اور اس کے متعلق حسب ضرورت جامع تشریح و توضیح ، جس درس کو بھی پڑھنا شروع کردیجئے پڑھتے ہی چلے جائیے ، احقر نے دو نشستوں میں ساری کتاب مکمل پڑھ لی ، اب دوبارہ استفادہ کے لیے اشتیاق نے انوار الحدیث سے اشتغال دے دیا ہے ۔ والحمد للہ علیٰ ذلک

شرح حدیث میں آسان اردو ، متعارف اصطلاحات ، روزمرہ کے تمثیلات ، صحابہ کرامؓ اور سلف صالحینؒ کے دلچسپ حکایات اور اہل اللہ کے حیرت انگیز واقعات اور علوم و معارف کے قیمتی جواہر پروئے گئے ہیں ۔ تبلیغی اور درسی حلقوں میں نافع اور خطیبوں کے لیے خطبہ جمعہ کے لیے بھی تیار مواد ، بڑا سائز ، واضح اور جلی کتابت عمدہ کاغذ اور شاندار و دیدہ زیب جلد بندی شدید گرانی کے اس دور میں ہدیہ بھی معقول ۔

**شرح کتاب الآثار** تالیف : مولانا حافظ ریاض احمد ملتانی صفحات ۲۴۶
ناشر : مکتبہ امدادیہ ٹی بی ہسپتال روڈ ملتان ۔

کتاب الآثار جب سے وفاق المدارس العربیہ کے نصاب میں داخل ہوئی ہے تب سے اس سے استفادہ اور درسی ضرورت کے پیش نظر تراجم و شروح کے سلسلہ میں بھی خاطرخواہ اضافہ ہورہا ہے جس میں



© rasailojaraid.com